سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(٢٠٤ھ۔٢٦١ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد یازدہم

نور فاؤنڈیشن

نام کتاب	:	صحیح مسلم جلد یازدہم (اردو ترجمہ کے ساتھ)
ایڈیشن اوّل	:	نور فاؤنڈیشن ربوہ 2009
ایڈیشن اوّل	:	قادیان انڈیا 2012
تعداد	:	1000
ناشر	:	نظارت نشر واشاعت صدر انجمن احمدیہ قادیان
		ضلع گورداسپور، پنجاب 143516
مطبع	:	فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان

ISBN : 978-81-7912-195-X

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

سید ولد آدم فخر المرسلین خاتم النبیّین رسول مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے لئے بطور رہنما مبعوث کیا اور فرمایا:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ
وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا (الاحزاب ۲۲)

یعنی یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔

نیز فرمایا:

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر:۸)

رسول جو تمہیں عطا کرے تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جمع کر کے محدثین نے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”قرآن شریف کی اور احادیث کی جو پیغمبر خدا سے ثابت ہیں اتباع کریں۔ ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن شریف کے مخالف نہ ہو ہم واجب العمل سمجھتے ہیں اور بخاری اور مسلم کو بعد کتاب اللہ اصحّ الکتب مانتے ہیں۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۱۰۷، ۱۰۸)

نیز آپؑ نے احادیث کو پرکھنے کا یہ بہترین اصول پیش فرمایا ہے کہ:

''اگر ایک حدیث ضعیف درجہ کی بھی ہو بشرطیکہ وہ قرآن اور سنت اور ایسی احادیث کے مخالف نہیں جو قرآن کے موافق ہیں تو اس حدیث پر عمل کرو۔''

(روحانی خزائن جلد ۱۹، کشتی نوح، صفحہ نمبر ۶۴)

جو کتب صحاح ستہ میں شامل ہیں ان میں سے ایک صحیح مسلم ہے جسے حضرت امام مسلم نے جن کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ہے جمع کیا۔ ان احادیث کے مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔ ہر مترجم نے اپنے اپنے علم اور فہم کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ اکثر ترجمے پرانی طرز کے ہیں جن کا سمجھنا عربی کا علم نہ رکھنے والوں اور مبتدیوں کے لئے آسان نہیں ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کی طرف سے احادیث کے تراجم کرنے کی غرض سے ''نور فاؤنڈیشن'' کا قیام فرمایا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں نور فاؤنڈیشن نے صحیح مسلم کا ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں حسب ضرورت حاشیہ میں ضروری نوٹ بھی دئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں کام کرنے والوں کی خدمت کو قبول فرما کر ان کو اس دنیا اور اگلے جہاں میں احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

نظارت نشر و اشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد اور اجازت سے صحیح مسلم کے ان تراجم کو ہندوستان میں پہلی بار شائع کر رہی ہے۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپؐ کے عملی نمونہ کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے اور سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

حافظ مخدوم شریف

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عسا کرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماء اور مؤرخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔جسے امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دار الکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں 7563 روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''مثلہ'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24 دار ابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔جس کی گیارہویں جلد **کتاب الاشربة** اور **کتاب اللباس والزینة** پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد یازدہم میں ابواب کی ترقیم **دارالکتاب العربی بیروت الطبعة الاولی** کے مطابق ہے۔باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفهرس**" کے مطابق ہے۔بریکٹ سے باہر والا نمبر "**تحفة الاشراف للمزی**" کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر "**المعجم المفهرس للاحادیث**" کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد ہفتم حدیث نمبر 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد ہشتم حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد نہم حدیث نمبر 3143 سے 3374 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔جلد دہم حدیث نمبر 3375 سے 3645 تک کی احادیث پر مشتمل تھی اور جلد یازدہم حدیث نمبر 3646 سے 3959 تک کی احادیث پر مشتمل ہے اور جلد بازدہم انشاءاللہ،حدیث نمبر 3960 سے شروع ہوگی۔ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد یازدہم میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ان احادیث کی اطراف اور تخریج

کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس نمبر، عنوان اور کتاب کے تحت آرہی ہے۔ مثلاً

مسلم جلد یازدہم کتاب الاشربة کی روایت نمبر 3646 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے کتاب الاشربة میں روایت نمبر 3647 باب تحریم الخمروبیان انها تکون من عصیر العنب میں بھی موجود ہے۔ جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح مسلم کتاب الاشربة کی حدیث نمبر 3646 بخاری میں کتاب البیوع روایت نمبر 2089 باب ماقیل فی الصواغ میں بھی موجود ہے، جس کا ذکر تخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی احادیث کے نمبر فتح الباری کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابوغدة کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ سنن ابن ماجه کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین

كتاب الاشربة

كتاب اللباس والزينة

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ الْأَشْرِبَةِ

مشروبات کے بارہ میں کتاب

[1]1: بَاب: تَحْرِيمِ الْخَمْرِ وَبَيَانُ أَنَّهَا تَكُونُ مِنْ عَصِيرِ الْعِنَبِ وَمِنَ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ وَالزَّبِيبِ وَغَيْرِهَا مِمَّا يُسْكِرُ

باب: شراب کی حرمت اور اس بات کا بیان کہ وہ انگور کے رس سے اور خشک کھجور اور کچی کھجور سے اور منقہ وغیرہ میں سے جو (چیزیں) نشہ آور ہیں سے بنتی ہے

3646{1} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ أَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ أَصَبْتُ شَارِفًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَغْنَمٍ يَوْمَ بَدْرٍ وَأَعْطَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِفًا أُخْرَى فَأَنَخْتُهُمَا يَوْمًا عِنْدَ بَابِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَحْمِلَ عَلَيْهِمَا إِذْخِرًا لِأَبِيعَهُ وَمَعِي صَائِغٌ مِنْ بَنِي

3646: حضرت علیؓ بن ابی طالب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھے غزوہ بدر کے مال غنیمت میں سے رسول اللہ ﷺ کی معیت میں ایک اونٹنی ملی اور رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک اور اونٹنی دی۔ایک دن میں نے ان دونوں کو ایک انصاریؓ کے دروازہ پر بٹھایا۔میں ان پر اذخر گھاس بیچنے کے لئے لاد کر لانا چاہتا تھا—اور میرے ساتھ بنو قینقاع کا ایک سنار بھی تھا—اور میں اس (کی فروخت سے) حضرت فاطمہؓ کی دعوت ولیمہ کے لئے مدد لینا چاہتا تھا اور اس گھر میں حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب شراب پی رہے تھے۔

3646 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الاشربة باب تحريم الخمر وبيان انها تكون من عصير العنب ...3647

تخريج : **بخارى** كتاب البيوع باب ما قيل فى الصواغ 2089 كتاب المساقاة باب بيع الحطب والكلأ 2375 كتاب فرض الخمس باب فرض الخمس 3091 كتاب المغازى باب شهود الملائكة بدراً 4003 كتاب اللباس باب الاردية 5793 **ابو داؤد** كتاب الخراج والامارة والفىء باب فى بيان مواضع الخمس وسهم ذى القربى 2986

قَيْنُقَاعَ فَأَسْتَعِينَ بِهِ عَلَى وَلِيمَةِ فَاطِمَةَ وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَشْرَبُ فِي ذَلِكَ الْبَيْتِ مَعَهُ قَيْنَةٌ تُغَنِّيهِ فَقَالَتْ

أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ

فَثَارَ إِلَيْهِمَا حَمْزَةُ بِالسَّيْفِ فَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا ثُمَّ أَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا قُلْتُ لِابْنِ شِهَابٍ وَمِنَ السَّنَامِ قَالَ قَدْ جَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا فَذَهَبَ بِهَا قَالَ ابْنُ شِهَابٍ قَالَ عَلِيٌّ فَنَظَرْتُ إِلَى مَنْظَرٍ أَفْظَعَنِي فَأَتَيْتُ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ فَخَرَجَ وَمَعَهُ زَيْدٌ وَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَدَخَلَ عَلَى حَمْزَةَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ فَرَفَعَ حَمْزَةُ بَصَرَهُ فَقَالَ هَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيدٌ لِآبَائِي فَرَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَهْقِرُ حَتَّى خَرَجَ عَنْهُمْ و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [5128,5127]

اُن کے پاس ایک مغنّیہ گا رہی تھی اور اس نے یہ گایا اَلَا یَاحَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ اے حمزہ! موٹی اونٹنیوں کے (ذبح کرنے کے) لئے (اٹھو)۔ حضرت حمزہؓ تلوار لے کر ان دونوں پر جھپٹ پڑے اور ان کی کوہانیں کاٹ دیں اور ان کی کوکھیں پھاڑ دیں، پھر ان کے کلیجے نکال لئے۔ میں نے ابن شہاب سے کہا اور کوہان بھی؟ انہوں نے کہا ان دونوں کی کوہانیں انہوں نے کاٹ دیں اور ان کو لے کر چلے گئے۔ ابن شہاب کہتے ہیں حضرت علیؓ نے کہا میں نے یہ منظر دیکھا تو اس نے مجھے دہلا دیا۔ پس میں اللہ کے نبی ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کے پاس حضرت زیدؓ بن حارثہ تھے۔ میں نے آپؐ کو یہ بات بتائی۔ آپؐ باہر تشریف لائے اور آپؐ کے ساتھ حضرت زیدؓ تھے۔ میں بھی آپؐ کے ساتھ چلا۔ آپؐ حضرت حمزہؓ کے پاس اندر گئے اور ان پر ناراض ہوئے۔ حضرت حمزہؓ نے اپنی آنکھ اٹھائی اور کہا کیا تم لوگ میرے آباءواجداد کے غلام نہیں ہو؟ (یہ سن کر) رسول اللہ ﷺ اُلٹے پاؤں واپس تشریف لے آئے اور ان کے پاس سے باہر تشریف لے گئے۔

3647{2} و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ أَبُو عُثْمَانَ

3647: علی بن حسین بن علیؓ کو حضرت حسینؓ بن علیؓ نے بتایا کہ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ غزوہ بدر کے مال

3647 : اطراف : مسلم کتاب الاشربة باب تحریم الخمر وبیان انها تکون من عصیر العنب ...3646

تخریج : بخاری کتاب البیوع باب ما قیل فی الصواغ 2089 کتاب المساقاة باب بیع الحطب والكلأ 2375 کتاب فرض الخمس باب فرض الخمس 3091 کتاب المغازی باب شهود الملائكة بدراً 4003 کتاب اللباس باب الاردية 5793 **ابو داؤد** کتاب الخراج والامارة والفیء باب فی بیان مواضع الخمس وسهم ذی القربی 2986

الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ كَانَتْ لِي شَارِفٌ مِنْ نَصِيبِي مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ بَدْرٍ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَانِي شَارِفًا مِنَ الْخُمُسِ يَوْمَئِذٍ فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاعَدْتُ رَجُلًا صَوَّاغًا مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعَ يَرْتَحِلُ مَعِيَ فَنَأْتِي بِإِذْخِرٍ أَرَدْتُ أَنْ أَبِيعَهُ مِنَ الصَّوَّاغِينَ فَأَسْتَعِينَ بِهِ فِي وَلِيمَةِ عُرْسِي فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مَتَاعًا مِنَ الْأَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ وَشَارِفَايَ مُنَاخَانِ إِلَى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَجَمَعْتُ حِينَ جَمَعْتُ مَا جَمَعْتُ فَإِذَا شَارِفَايَ قَدِ اجْتُبَّتْ أَسْنِمَتُهُمَا وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا وَأُخِذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا فَلَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِينَ رَأَيْتُ ذَلِكَ الْمَنْظَرَ مِنْهُمَا قُلْتُ مَنْ فَعَلَ هَذَا قَالُوا فَعَلَهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهُوَ فِي هَذَا الْبَيْتِ فِي شَرْبٍ مِنَ الْأَنْصَارِ غَنَّتْهُ قَيْنَةٌ وَأَصْحَابَهُ فَقَالَتْ فِي غِنَائِهَا

أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ

غنیمت میں سے ایک اونٹنی میرے حصہ میں آئی اور رسول اللہ ﷺ نے اس دن مجھے ایک اونٹنی خمس میں سے عنایت فرمائی۔ جب میں نے حضرت فاطمہؓ بنت رسول اللہ ﷺ سے شادی کرنے کا ارادہ کیا تو میں نے بنوقینقاع کے ایک شخص سے جو سنار تھا طے کیا کہ وہ میرے ساتھ چلے اور ہم اذخر(گھاس) لائیں۔ میرا ارادہ تھا کہ میں اسے سناروں کے پاس بیچوں اور میں اس سے اپنی دعوت ولیمہ کے لئے مدد لوں۔ اس اثناء میں مَیں اپنی دونوں اونٹنیوں کے لئے پالان، تھیلے اور رسیاں اکٹھی کر رہا تھا اور میری دونوں اونٹنیاں ایک انصاریؓ کے حجرہ کے قریب بیٹھی تھیں اور میں نے جو اکٹھا کرنا تھا اکٹھا کر لیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ میری دونوں اونٹنیوں کے کوہان کٹے ہوئے ہیں اور ان کی کوکھیں پھٹی ہوئی ہیں اور ان کے کلیجے نکال لئے گئے ہیں۔ جب میں نے یہ منظر دیکھا تو میں اپنی آنکھوں پر قابو نہ رکھ سکا۔ میں نے پوچھا یہ کس نے کیا ہے؟ لوگوں نے کہا یہ حمزہؓ بن عبدالمطب نے کیا ہے۔ وہ اس گھر میں انصارؓ کے بادہ نوشوں کے ساتھ ہیں اور ان کو اور ان کے ساتھیوں کو ایک مغنّیہ نے گا کر سنایا اَلَا یَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ اے حمزہؓ! موٹی اونٹنیوں کیلئے اٹھو۔ حضرت حمزہؓ تلوار لے کر کھڑے ہوئے اور ان دونوں کی کوہانیں کاٹ دیں اور ان کی کوکھیں پھاڑ دیں اور ان کے جگر نکال

فَقَامَ حَمْزَةُ بِالسَّيْفِ فَاجْتَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا فَأَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا قَالَ عَلِيٌّ فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ قَالَ فَعَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجْهِيَ الَّذِي لَقِيتُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاللَّهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ عَدَا حَمْزَةُ عَلَى نَاقَتَيَّ فَاجْتَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا وَهَا هُوَ ذَا فِي بَيْتٍ مَعَهُ شَرْبٌ قَالَ فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِدَائِهِ فَارْتَدَاهُ ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِي وَاتَّبَعْتُهُ أَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ حَتَّى جَاءَ الْبَابَ الَّذِي فِيهِ حَمْزَةُ فَاسْتَأْذَنَ فَأَذِنُوا لَهُ فَإِذَا هُمْ شَرْبٌ فَطَفِقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُومُ حَمْزَةَ فِيمَا فَعَلَ فَإِذَا حَمْزَةُ مُحْمَرَّةٌ عَيْنَاهُ فَنَظَرَ حَمْزَةُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ إِلَى رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلَى سُرَّتِهِ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ إِلَى وَجْهِهِ فَقَالَ حَمْزَةُ وَهَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيدٌ لِأَبِي فَعَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ ثَمِلٌ فَنَكَصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لئے۔حضرت علیؓ کہتے ہیں اس پر میں چلا یہاںتک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس اندر گیا اور آپؐ کے پاس حضرت زیدؓ بن حارثہ (بھی) تھے۔ وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے میرے چہرے پر جو تکلیف مجھے پہنچی تھی پہچان لی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! خدا کی قسم آج جیسا دن میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ حمزہؓ نے میری دونوں اونٹنیوں پر حملہ کیا اور ان کی کوہانیں اور کوکھیں کاٹ دیں اور وہ اس گھر میں شراب پینے والوں کے ساتھ ہیں۔راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اپنی چادر منگوائی اور اسے اوڑھ لیا اور چل پڑے اور میں اور حضرت زیدؓ بن حارثہ آپؐ کے پیچھے ہو لئے، یہاںتک کہ اس (گھر کے) دروازہ تک آئے جس میں حمزہؓ تھے۔آپؐ نے اجازت مانگی۔انہوں نے آپؐ کو اجازت دی۔آپؐ کیا دیکھتے ہیں کہ وہ شراب پی رہے ہیں۔رسول اللہ ﷺ حضرت حمزہؓ کو جو انہوں نے کیا تھا، اس پر ملامت کرنے لگے۔حضرت حمزہؓ کی آنکھیں سرخ تھیں۔حضرت حمزہؓ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف دیکھا پھر نظر اٹھائی اور آپؐ کے گھٹنوں کی طرف دیکھا۔پھر نظر اٹھائی اور آپؐ کی کمر کو دیکھا پھر نظر اٹھائی اور آپؐ کے چہرہ کی طرف دیکھا، پھر حضرت حمزہؓ نے کہا تم میرے باپ کے غلام ہی تو ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے جان لیا کہ وہ مدہوش ہیں۔

عَلَى عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرَى وَخَرَجَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُهْزَاذَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [5130,5129]

رسول اللہ ﷺ انہی قدموں پر واپس تشریف لائے اور باہر آ گئے اور ہم بھی آپؐ کے ساتھ باہر نکل آئے۔

3648{3} حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ يَوْمَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ فِي بَيْتِ أَبِي طَلْحَةَ وَمَا شَرَابُهُمْ إِلَّا الْفَضِيخُ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ فَإِذَا مُنَادٍ يُنَادِي فَقَالَ اخْرُجْ فَانْظُرْ فَخَرَجْتُ فَإِذَا مُنَادٍ يُنَادِي أَلَا إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ قَالَ فَجَرَتْ فِي سِكَكِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ لِي أَبُو طَلْحَةَ اخْرُجْ فَاهْرِقْهَا فَهَرَقْتُهَا فَقَالُوا أَوْ قَالَ بَعْضُهُمْ قُتِلَ فُلَانٌ قُتِلَ فُلَانٌ وَهِيَ فِي بُطُونِهِمْ قَالَ فَلَا أَدْرِي هُوَ مِنْ حَدِيثِ أَنَسٍ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

3648: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جس دن شراب حرام ہوئی میں حضرت ابوطلحہؓ کے گھر لوگوں کو شراب پلا رہا تھا اور ان کی شراب کچی کھجور اور (عام) کھجور کی تھی۔ اچانک ایک پکارنے والے نے پکارا۔ انہوں نے کہا نکلو اور دیکھو۔ میں نکلا تو کیا دیکھتا ہوں کہ پکارنے والا پکار رہا ہے خبردار! یقیناً شراب حرام ہوگئی ہے۔ راوی کہتے ہیں تو (وہ) مدینہ کی گلیوں میں بہنے لگی۔ مجھے حضرت ابوطلحہؓ نے کہا نکلو اور اسے بہادو۔ میں نے اسے بہادیا۔ لوگوں نے یا ان میں سے ایک نے کہا فلاں قتل ہوگیا، فلاں قتل ہوگیا جبکہ وہ (شراب) ان کے پیٹوں میں تھی۔ راوی کہتے ہیں میں نہیں جانتا کہ یہ حضرت انسؓ کی روایت میں ہے یا نہیں کہ اللہ عزّوجل نے یہ آیت

3648 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الاشربة باب تحريم الخمر وبيان انها تكون من عصير العنب ... 3649 ، 3650 ، 3651، 3652، 3653 ، 3654

تخريج : **بخارى** كتاب المظالم باب صب الخمر فى الطريق 2464 كتاب التفسير باب قوله انما الخمر والميسر والانصاب...4617 باب ليس على الذين آمنوا وعملو الصلحت....4620 كتاب الاشربة باب الخمر من العنب 5580 باب نزل تحريم الخمر وهى من البسر والتمر 5582 ، 5583 ، 5584 باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر 5600 باب خدمة الصغار والكبار 5622 كتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فى اجازة خبر الواحد الصدوق ...7253 **نسائى** كتاب الاشربة ذكر الشراب الذى اهريق بتحريم الخمر 5541 ، 5542 ، 5543 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب فى تحريم الخمر 3673

الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ[5131]

نازل فرمائی۔ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ امَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْااِذَا مَااتَّقَوْا وَ امَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ☆ وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل بجالائے ان پر اس میں کوئی گناہ نہیں جو وہ کھاتے ہیں بشرطیکہ وہ تقوٰی اختیار کریں اور ایمان لائیں اور نیک عمل کریں۔

3649{4} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ قَالَ سَأَلُوا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْفَضِيخِ فَقَالَ مَا كَانَتْ لَنَا خَمْرٌ غَيْرَ فَضِيخِكُمْ هَذَا الَّذِي تُسَمُّونَهُ الْفَضِيخَ إِنِّي لَقَائِمٌ أَسْقِيهَا أَبَا طَلْحَةَ وَأَبَا أَيُّوبَ وَرِجَالًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِنَا إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ هَلْ بَلَغَكُمُ الْخَبَرُ قُلْنَا لَا قَالَ فَإِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ فَقَالَ يَا أَنَسُ أَرِقْ هَذِهِ الْقِلَالَ قَالَ فَمَا رَاجَعُوهَا وَلَا سَأَلُوا عَنْهَا بَعْدَ خَبَرِ الرَّجُلِ[5132]

3649: عبدالعزیز بن صہیب کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت انسؓ بن مالک سے فضیخ کے بارہ میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس تمہاری اس فضیخ کے علاوہ کوئی شراب نہ تھی یہ جس کو تم فضیخ کہتے ہو اور میں کھڑا حضرت ابوطلحہؓ اور حضرت ابوایوبؓ اور رسول اللہ ﷺ کے بعض دوسرے صحابہؓ کو اپنے گھر میں یہی پلا رہا تھا۔ جب ایک شخص آیا اور کہا کیا تمہیں خبر پہنچی ہے؟ ہم نے کہا نہیں۔اس نے کہا شراب حرام ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا اے انسؓ! ان مٹکوں کو بہادو۔(حضرت انسؓ) کہتے ہیں انہوں نے اس آدمی کے خبر دینے کے بعد اس بارہ میں کوئی سوال وجواب نہ کیا۔

☆(المائدة : 94)

3649: اطراف: **مسلم** كتاب الاشربة باب تحريم الخمروبيان انها تكون من عصير العنب ... 3648 ، 3650 ، 3651، 3652، 3653، 3654

تخريج : **بخاری** كتاب المظالم باب صب الخمر فى الطريق 2464 كتاب التفسير باب قوله انما الخمر والميسر والانصاب...4617 باب ليس على الذين آمنوا وعملوا الصلحت....4620 كتاب الاشربة باب الخمر من العنب 5580 باب نزل تحريم الخمر وهى من البسر والتمر 5582 ، 5583 ، 5584 باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر 5600 باب خدمة الصغار والكبار 5622 كتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فى اجازة خبر الواحد الصدوق ...7253 **نسائی** كتاب الاشربة ذكر الشراب الذى اهريق بتحريم الخمر 5541 ،5542 ، 5543 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب فى تحريم الخمر 3673

3650{5} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ وَأَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ إِنِّي لَقَائِمٌ عَلَى الْحَيِّ عَلَى عُمُومَتِي أَسْقِيهِمْ مِنْ فَضِيخٍ لَهُمْ وَأَنَا أَصْغَرُهُمْ سِنًّا فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّهَا قَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ فَقَالُوا اكْفِئْهَا يَا أَنَسُ فَكَفَأْتُهَا قَالَ قُلْتُ لِأَنَسٍ مَا هُوَ قَالَ بُسْرٌ وَرُطَبٌ قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَنَسٍ كَانَتْ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ سُلَيْمَانُ وَحَدَّثَنِي رَجُلٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ قَالَ ذَلِكَ أَيْضًا {6} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ أَنَسٌ كُنْتُ قَائِمًا عَلَى الْحَيِّ أَسْقِيهِمْ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَقَالَ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَنَسٍ كَانَ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَأَنَسٌ شَاهِدٌ فَلَمْ يُنْكِرْ أَنَسٌ ذَاكَ و قَالَ ابْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي بَعْضُ

3650: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں میں قبیلہ میں کھڑا اپنے چچوں کو فضیخ پلا رہا تھا اور میں ان میں سے عمر میں سب سے چھوٹا تھا۔ ایک شخص آیا اور اس نے کہا خُمر اَب حرام ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا اے انسؓ! انہیں الٹا دو۔ میں نے اسے الٹا دیا۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت انسؓ سے کہا وہ کس چیز کی تھی؟ انہوں نے کہا کچی اور پکی ہوئی کھجور کی۔ راوی کہتے ہیں ابو بکر بن انس نے کہا ان دنوں ان کی شراب یہی تھی۔ حضرت انسؓ موجود تھے اور انہوں نے اس بات کا انکار نہیں کیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت انسؓ نے یہی بات کہی تھی کہ ان دنوں لوگوں کی شراب یہی تھی۔

3650 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب تحریم الخمر وبیان انها تکون من عصیر العنب ... 3648 ، 3649 ، 3651، 3652، 3653 ، 3654

تخریج : **بخاری** کتاب المظالم باب صب الخمر فی الطریق 2464 کتاب التفسیر باب قوله انما الخمر والمیسر والانصاب... 4617 باب لیس علی الذین آمنوا وعملو الصلحت.... 4620 کتاب الاشربة باب الخمر من العنب 5580 باب نزل تحریم الخمر وهی من البسر والتمر 5582 ، 5583 ، 5584 باب من رأی ان لا یخلط البسر والتمر 5600 باب خدمة الصغار والکبار 5622 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد الصدوق ... 7253 **نسائی** کتاب الاشربة ذکر الشراب الذی اهریق بتحریم الخمر 5541 ،5542 ، 5543 **ابو داؤد** کتاب الاشربة باب فی تحریم الخمر 3673

مَنْ كَانَ مَعِي أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسًا يَقُولُ كَانَ خَمْرَهُمْ يَوْمَئِذٍ [5134,5133]

3651{7} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ وَأَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ أَسْقِي أَبَا طَلْحَةَ وَأَبَا دُجَانَةَ وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ فِي رَهْطٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَدَخَلَ عَلَيْنَا دَاخِلٌ فَقَالَ حَدَثَ خَبَرٌ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ فَأَكْفَأْنَاهَا يَوْمَئِذٍ وَإِنَّهَا لَخَلِيطُ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ قَالَ قَتَادَةُ وَقَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ لَقَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ وَكَانَتْ عَامَّةُ خُمُورِهِمْ يَوْمَئِذٍ خَلِيطَ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ و حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالُوا أَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِنِّي لَأَسْقِي أَبَا طَلْحَةَ وَأَبَا دُجَانَةَ وَسُهَيْلَ بْنَ بَيْضَاءَ مِنْ مَزَادَةٍ فِيهَا خَلِيطُ بُسْرٍ وَتَمْرٍ بِنَحْوِ حَدِيثِ سَعِيدٍ [5136,5135]

3651: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مَیں حضرت ابوطلحہؓ اور حضرت ابودجانہؓ اور حضرت معاذؓ بن جبل کو انصارؓ کے کچھ لوگوں کے ساتھ شراب پلا رہا تھا کہ ہمارے پاس ایک شخص اندر آیا اور اس نے کہا تازہ خبر ہے کہ شراب کی حرمت نازل ہوگئی ہے تو اسی دن ہم نے اسے بہا دیا اور وہ شراب کچی اور پکی ملی جلی کھجوروں کی تھی۔ قتادہ کہتے ہیں کہ حضرت انسؓ بن مالک نے کہا کہ شراب حرام ہوئی اور ان دنوں ان کی عام شرابیں بالعموم کچی اور پکی ملی جلی کھجور کی ہوتی تھیں۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت انسؓ بن مالک نے کہا کہ میں حضرت ابوطلحہؓ حضرت ابودجانہؓ اور سہیل بن بیضاء کو ایک مشکیزہ سے پلا رہا تھا جس میں کچی اور پکی کھجوریں ملی جلی تھیں۔

3651 : اطراف : مسلم كتاب الاشربة باب تحريم الخمر وبيان انها تكون من عصير العنب ... 3648 ، 3649، 3650، 3652 ، 3653 ، 3654

تخريج : بخارى كتاب المظالم باب صب الخمر فى الطريق 2464 كتاب التفسير باب قوله انما الخمر والميسر والانصاب... 4617 باب ليس على الذين آمنوا وعملو الصلحت.... 4620 كتاب الاشربة باب الخمر من العنب 5580 باب نزل تحريم الخمر وهى من البسر والتمر 5582 ، 5583 ، 5584 باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر 5600 باب خدمة الصغار والكبار 5622 كتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فى اجازة خبر الواحد الصدوق ...7253 **نسائى** كتاب الاشربة ذكر الشراب الذى اهريق بتحريم الخمر 5541 ،5542 ، 5543 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب فى تحريم الخمر 3673

3652{8} وحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُخْلَطَ التَّمْرُ وَالزَّهْوُ ثُمَّ يُشْرَبَ وَإِنَّ ذَلِكَ كَانَ عَامَّةَ خُمُورِهِمْ يَوْمَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ [5137]

3652: حضرت انسؓ بن مالک کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ تَمْر اور زَھْو کو ملایا جائے اور پھر اس کو پیا جائے اور جب شراب حرام ہوئی تو ان کی عام شرابیں یہی تھیں۔

3653{9} وحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ قَالَ كُنْتُ أَسْقِي أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَأَبَا طَلْحَةَ وَأُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ شَرَابًا مِنْ فَضِيخٍ وَتَمْرٍ فَأَتَاهُمْ آتٍ فَقَالَ إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ يَا أَنَسُ قُمْ إِلَى هَذِهِ الْجَرَّةِ فَاكْسِرْهَا فَقُمْتُ إِلَى مِهْرَاسٍ لَنَا فَضَرَبْتُهَا بِأَسْفَلِهِ حَتَّى تَكَسَّرَتْ [5138]

3653: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح اور حضرت ابوطلحہؓ اور حضرت ابی بن کعبؓ کو فضیخ اور تمر کی شراب پلا رہا تھا تو ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا شراب حرام کر دی گئی ہے۔ حضرت ابوطلحہؓ نے کہا اے انسؓ! اٹھو اور اس گھڑے کو توڑ ڈالو۔ مَیں نے اپنی پتھر کی کونڈی اٹھائی اور اسے (گھڑے کے) نچلے حصہ پر مارا یہانتک کہ وہ ٹوٹ گیا۔

☆تمر عام کھجور۔ زھو سرخی مائل کھجور۔

3652 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب تحریم الخمر وبیان انها تکون من عصیر العنب ... 3648، 3649، 3650، 3651، 3653، 3654

3653 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب تحریم الخمر وبیان انها تکون من عصیر العنب ... 3648، 3649، 3650، 3651، 3652، 3654

تخریج : **بخاری** کتاب المظالم باب صب الخمر فی الطریق 2464 کتاب التفسیر باب قوله انما الخمر والمیسر والانصاب... 4617 باب لیس علی الذین آمنوا وعملو الصلحت.... 4620 کتاب الاشربة باب الخمر من العنب 5580 باب نزل تحریم الخمر وهی من البسر والتمر 5582، 5583، 5584 باب من رأی ان لا یخلط البسر والتمر 5600 باب خدمة الصغار والکبار 5622 کتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فی اجازة خبر الواحد الصدوق ...7253 **نسائی** کتاب الاشربة ذکر الشراب الذی اهریق بتحریم الخمر 5541، 5542، 5543 **ابوداؤد** کتاب الاشربة باب فی تحریم الخمر 3673

3654{10} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي الْحَنَفِيَّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ لَقَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ الْآيَةَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ فِيهَا الْخَمْرَ وَمَا بِالْمَدِينَةِ شَرَابٌ يُشْرَبُ إِلَّا مِنْ تَمْرٍ [5139]

3654: حضرت انسؓ بن مالک کہتے ہیں یقیناً اللہ تعالیٰ نے وہ آیت نازل فرمائی جس میں اللہ تعالیٰ نے شراب کو حرام ٹھہرایا ہے اور مدینہ میں صرف کھجور کی شراب پی جاتی تھی۔

[2]2:بَاب:تَحْرِيمُ تَخْلِيلِ الْخَمْرِ

باب: خمر کو سرکہ بنانے کی حرمت

3655{11}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا فَقَالَ لَا [5140]

3655: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ سے شراب کو سرکہ بنانے سے متعلق سوال کیا گیا۔ آپؐ نے فرمایا نہیں۔

3654 : **اطراف: مسلم** كتاب الاشربة باب تحريم الخمروبيان انها تكون من عصير العنب ... 3648 ، 3649، 3650 3651 ، 3652 ، 3653

تخريج : بخارى كتاب المظالم باب صب الخمر فى الطريق 2464 كتاب التفسير باب قوله انما الخمر والميسر والانصاب...4617 باب ليس على الذين آمنوا وعملو الصلحت.... 4620 كتاب الاشربة باب الخمر من العنب 5580 باب نزول تحريم الخمر وهى من البسر والتمر 5582 ، 5583 ، 5584 باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر 5600 باب خدمة الصغار والكبار 5622 كتاب اخبار الاحاد باب ما جاء فى اجازة خبر الواحد الصدوق ... 7253 **نسائى** كتاب الاشربة ذكر الشراب الذى اهريق بتحريم الخمر 5541 ،5542 ، 5543 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب فى تحريم الخمر 3673

3655 : **تخريج : ترمذى** كتاب البيوع باب النهى ان يتخذ الخمر خلا 1294

[3]3:بَاب:تَحْرِيمُ التَّدَاوِي بِالْخَمْرِ

باب:شراب سے علاج کرنے کی ممانعت

3656{12} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّ طَارِقَ بْنَ سُوَيْدٍ الْجُعْفِيَّ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ فَنَهَاهُ أَوْ كَرِهَ أَنْ يَصْنَعَهَا فَقَالَ إِنَّمَا أَصْنَعُهَا لِلدَّوَاءِ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ بِدَوَاءٍ وَلَكِنَّهُ دَاءٌ [5141]

3656: علقمہ بن وائل اپنے والد وائل حضرمی سے روایت کرتے ہیں کہ طارق بن سوید جعفیؓ نے نبی ﷺ سے شراب کے بارہ میں پوچھا۔آپؐ نے اسے منع فرمایا یا اس کے بنانے کو ناپسند فرمایا تو اس نے کہا میں تو صرف دوا کے لئے بناتا ہوں۔آپؐ نے فرمایا یہ دوا نہیں بلکہ بیماری ہے۔

[4]4:بَاب: بَيَانُ أَنَّ جَمِيعَ مَا يُنْبَذُ مِمَّا يُتَّخَذُ مِنَ النَّخْلِ وَالْعِنَبِ يُسَمَّى خَمْرًا

باب:اس بات کا بیان کہ تمام نبیذ جو کھجور کے درخت اور انگور سے بنایا جاتا ہے خمر کہلاتا ہے

3657{13}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَبِي عُثْمَانَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ أَبَا

3657: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خمر ان دو پودوں کھجور اور انگور سے بنتی ہے۔

3656: تخريج : ترمذى كتاب الطب باب ما جاء في كراهية التداوى بالمسكر 2046 **ابو داؤد** كتاب الطب باب في الادوية المكروهه 3874 **ابن ماجه** كتاب الطب باب النهى عن يتداوى بالخمر 3500

3657 : اطراف: مسلم كتاب الاشربة باب بيان ان جميع ما ينبذ مما يتخذ... 3658 ، 3659

تخريج : ترمذى كتاب الاشربة باب ما جاء في الحبوب التى يتخذ منها الخمر 1875 **نسائى** كتاب الاشربة تاويل قول الله تعالىٰ ومن ثمرات النخيل والاعناب 5572 ، 5573 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب الخمر مما هي 3678 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب ما يكون منه الخمر 3378

كَثِيرٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ [5142]

3658{14} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو كَثِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ [5143]

3658: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ خمر اُن دونوں پودوں کھجور اور انگور سے بنتی ہے۔

3659{15} وحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ وَعِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ وَعُقْبَةَ بْنِ التَّوْأَمِ عَنْ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ الْكَرْمَةِ وَالنَّخْلَةِ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ الْكَرْمِ وَالنَّخْلِ [5144]

3659: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خمر اُن دو درختوں انگور اور کھجور سے بنتی ہے۔
ایک روایت میں (اَلْكَرْمَةِ وَالنَّخْلَةِ کی بجائے) اَلْكَرْمِ وَالنَّخْلِ کے الفاظ ہیں۔

3658 : **اطراف**: **مسلم** كتاب الاشربة باب بيان ان جميع ما ينبذ مما يتخذ... 3657 ، 3659

تخریج : **ترمذی** كتاب الاشربة باب ما جاء في الحبوب التي يتخذ منها الخمر 1875 **نسائی** كتاب الاشربة تاويل قول الله تعالىٰ ومن ثمرات النخيل والاعناب 5572 ، 5573 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب الخمر مما هي 3678 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب ما يكون منه الخمر 3378

3659 : **اطراف** : **مسلم** كتاب الاشربة باب بيان ان جميع ما ينبذ مما يتخذ... 3657 ، 3658

تخریج : **ترمذی** كتاب الاشربة باب ما جاء في الحبوب التي يتخذ منها الخمر 1875 **نسائی** كتاب الاشربة تاويل قول الله تعالىٰ ومن ثمرات النخيل والاعناب 5572 ، 5573 **ابو داؤد** كتاب الاشربة باب الخمر مما هي 3678 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب ما يكون منه الخمر 3378

[5]5:بَاب كَرَاهَةِ انْتِبَاذِ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ مَخْلُوطَيْنِ

کھجور اور منقہ کو ملا کر نبیذ بنانے کی ناپسندیدگی کا بیان

3660{16}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُخْلَطَ الزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ وَالْبُسْرُ وَالتَّمْرُ [5145]

3660: حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے منقہ اور خشک کھجور ــ تازہ کھجور اور گدری کھجور ــ کو ملانے سے منع فرمایا۔

3661{17}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يُنْبَذَ التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ جَمِيعًا وَنَهَى أَنْ يُنْبَذَ الرُّطَبُ وَالْبُسْرُ جَمِيعًا [5146]

3661: حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خشک کھجور اور منقہ کو ملا کر نبیذ بنانے سے اور گدری کھجور اور تازہ کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

3660: **اطراف**: **مسلم** کتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين 3661 ، 3662 ، 3663 ، 3664 ، 3665 ، 3666 ، 3667 ، 3668 ، 3669 ، 3670 ، 3671 ، 3672 ، 3673

تخریج : **بخاری** کتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** کتاب الاشربة باب ماجاء فی خليط البسر والتمر 1876 ، 1877 **نسائی** کتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544 ، 5545 ، 5546 خليط البلح والزهو 5549 ، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فی انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فی الانتباذ فی الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فی النتباذ التمر وحده 5568 ، 5569 **ابوداؤد** کتاب الأیمان والنذورباب فی الخليطين 3703 ، 3704 ، 3705 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب النهی عن الخليطين 3395 ، 3396 ، 3397

3661 : **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين 3660 ، 3662 ، 3663 ، 3664 ، 3665 ، 3666 ، 3667 ، 3668 ، 3669 ، 3670 ، 3671 ، 3672 ، 3673

تخریج : **بخاری** کتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** کتاب الاشربة باب ماجاء فی خليط البسر والتمر 1876 ، 1877 **نسائی** کتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544 ، 5545 ، 5546 خليط البلح والزهو 5549 ، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فی انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فی الانتباذ فی الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فی النتباذ التمر وحده 5568 ، 5569 **ابوداؤد** کتاب الأیمان والنذورباب فی الخليطين 3703 ، 3704 ، 3705 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب النهی عن الخليطين 3395 ، 3396 ، 3397

3662{18} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ لِي عَطَاءٌ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْمَعُوا بَيْنَ الرُّطَبِ وَالْبُسْرِ وَبَيْنَ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ نَبِيذًا [5147]

3662: حضرت جابر بن عبد اللہ ؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم تازہ اور گدری کھجور اور منقہ اور کھجور کو ملا کر نبیذ نہ بناؤ۔

3663{19} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ مَوْلَى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يُنْبَذَ الزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ جَمِيعًا وَنَهَى أَنْ يُنْبَذَ الْبُسْرُ وَالرُّطَبُ جَمِيعًا [5148]

3663: حضرت جابرؓ بن عبد اللہ انصاری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منقہ اور کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا اور گدری اور تازہ کھجور کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

3662: **اطراف: مسلم** كتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين 3660 ، 3661 ، 3663 ، 3664 ، 3665 ، 3666 ، 3667 ، 3668 ، 3669 ، 3670 ، 3671 ، 3672 ، 3673

تخريج : بخارى كتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذى** كتاب الاشربة باب ماجاء فى خليط البسر والتمر 1876 ، 1877 **نسائى** كتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544 ، 5545 ، 5546 خليط البلح والزهو 5549 ، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فى انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فى الانتباذ فى الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فى النتباذ التمر وحده 5568 ، 5569 **ابوداؤد** كتاب الأيمان والنذورباب فى الخليطين 3703 ، 3704 ، 3705 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب النهى عن الخليطين 3395 ، 3396 ، 3397

3663: **اطراف: مسلم** كتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين 3660 ، 3661 ، 3662 ، 3664 ، 3665 ، 3666 ، 3667 ، 3668 ، 3669 ، 3670 ، 3671 ، 3672 ، 3673

تخريج : بخارى كتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذى** كتاب الاشربة باب ماجاء فى خليط البسر والتمر 1876 ، 1877 **نسائى** كتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544 ، 5545 ، 5546 خليط البلح والزهو 5549 ، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فى انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فى الانتباذ فى الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فى النتباذ التمر وحده 5568 ، 5569 **ابوداؤد** كتاب الأيمان والنذورباب فى الخليطين 3703 ، 3704 ، 3705 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب النهى عن الخليطين 3395 ، 3396 ، 3397

3664{20} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنِ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّمْرِ وَالزَّبِيبِ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَهُمَا وَعَنِ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَهُمَا [5149]

3664: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے عام کھجور اور منقہ کو باہم ملانے اور عام کھجور اور گدری کھجور کو باہم ملانے سے منع فرمایا۔

3665{21} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ أَبُو مَسْلَمَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَخْلِطَ بَيْنَ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ وَأَنْ نَخْلِطَ الْبُسْرَ وَالتَّمْرَ و حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ مُفَضَّلٍ عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [5151,5150]

3665: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے منقہ اور عام کھجور کو باہم ملانے سے منع فرمایا اور اسی طرح گدری کھجور اور عام کھجور کو بھی باہم ملانے سے منع فرمایا۔

3664 : اطراف : مسلم كتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين 3660، 3661، 3662، 3663، 3665، 3666، 3667، 3668، 3669، 3670، 3671، 3672، 3673

تخریج : بخاری كتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** كتاب الاشربة باب ماجاء فى خليط البسر والتمر 1876، 1877 **نسائی** كتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544، 5545، 5546 خليط البلح والزهو 5549، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فى انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فى الانتباذ فى الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فى النتباذ التمر وحده 5568، 5569 **ابوداؤد** كتاب الأيمان والنذورباب فى الخليطين 3703، 3704، 3705 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب النهى عن الخليطين 3395، 3396، 3397

3665: اطراف: مسلم كتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين 3660، 3661، 3662، 3663، 3664، 3666، 3667، 3668، 3669، 3670، 3671، 3672، 3673

تخریج : بخاری كتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** كتاب الاشربة باب ماجاء فى خليط البسر والتمر 1876، 1877 **نسائی** كتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544، 5545، 5546 خليط البلح والزهو 5549، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فى انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فى الانتباذ فى الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فى النتباذ التمر وحده 5568، 5569 **ابوداؤد** كتاب الأيمان والنذورباب فى الخليطين 3703، 3704، 3705 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب النهى عن الخليطين 3395، 3396، 3397

3666{22} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْعَبْدِيِّ عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ النَّبِيذَ مِنْكُمْ فَلْيَشْرَبْهُ زَبِيبًا فَرْدًا أَوْ تَمْرًا فَرْدًا أَوْ بُسْرًا فَرْدًا{23} و حَدَّثَنِيهِ أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْعَبْدِيُّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَخْلِطَ بُسْرًا بِتَمْرٍ أَوْ زَبِيبًا بِتَمْرٍ أَوْ زَبِيبًا بِبُسْرٍ وَقَالَ مَنْ شَرِبَهُ مِنْكُمْ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ وَكِيعٍ [5153,5152]

3666: حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے جو کوئی نبیذ پیئے وہ صرف منقہ یا عام کھجور یا صرف کچی کھجور کی نبیذ پیئے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ ہم کچی کھجور کو عام کھجور سے ملائیں یا منقہ کو عام کھجور سے یا منقہ کو گدری کھجور سے۔

3667{24}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ

3667:حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والدؓ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے

3666 : **اطراف**: **مسلم** کتاب الاشربة باب کراھیة انتباذ التمر والذبیب مخلوطتین 3660، 3661، 3662، 3663، 3664، 3665، 3667، 3668، 3669، 3670، 3671، 3672، 3673

تخریج : **بخاری** کتاب الاشربة باب من رأی ان لا یخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** کتاب الاشربة باب ماجاء فی خلیط البسر والتمر 1876، 1877 **نسائی** کتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544، 5545، 5546 خلیط البلح والزھو 5549، 5550 خلیط البسر والزبیب 5561 الترخیص فی انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فی الانتباذ فی الاسقیة ... 5567 انتباذ الزبیب وحدہٗ 5570 الترخص فی النتباذ التمر وحده 5568، 5569 **ابو داؤد** کتاب الأیمان والنذور باب فی الخلیطین 3703، 3704، 3705 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب النھی عن الخلیطین 3395، 3396، 3397

3667: **اطراف** : **مسلم** کتاب الاشربة باب کراھیة انتباذ التمر والذبیب مخلوطتین.. 3660، 3661، 3662، 3663، 3664، 3665، 3666، 3668، 3669، 3670، 3671، 3672، 3673

تخریج : **بخاری** کتاب الاشربة باب من رأی ان لا یخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** کتاب الاشربة باب ماجاء فی خلیط البسر والتمر 1876، 1877 **نسائی** کتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544، 5545، 5546 خلیط البلح والزھو 5549، 5550 خلیط البسر والزبیب 5561 الترخیص فی انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فی الانتباذ فی الاسقیة ... 5567 انتباذ الزبیب وحدہٗ 5570 الترخص فی النتباذ التمر وحده 5568، 5569 **ابو داؤد** کتاب الأیمان والنذور باب فی الخلیطین 3703، 3704، 3705 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب النھی عن الخلیطین 3395، 3396، 3397

يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتَبِذُوا الزَّهْوَ وَالرُّطَبَ جَمِيعًا وَلَا تَنْتَبِذُوا الزَّبِيبَ وَالتَّمْرَ جَمِيعًا وَانْتَبِذُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى حِدَتِهِ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [5155,5154]

فرمایا تم سرخی مائل کھجور اور تازہ کھجور کو ملا کر نبیذ نہ بناؤ اور نہ ہی منقہ اور عام کھجور کو باہم ملا کر نبیذ بناؤ۔ ان میں سے ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ نبیذ بناؤ۔

3668{25} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ أَخْبَرَنَا عَلِيٌّ وَهُوَ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَنْتَبِذُوا الزَّهْوَ وَالرُّطَبَ جَمِيعًا وَلَا تَنْتَبِذُوا الرُّطَبَ وَالزَّبِيبَ جَمِيعًا وَلَكِنِ انْتَبِذُوا كُلَّ وَاحِدٍ عَلَى حِدَتِهِ وَزَعَمَ يَحْيَى أَنَّهُ لَقِيَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي قَتَادَةَ فَحَدَّثَهُ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هَذَا و حَدَّثَنِيهِ أَبُو بَكْرِ

3668: حضرت ابو قتادہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم سرخی مائل کھجور اور تازہ کھجور کو باہم ملا کر نبیذ نہ بناؤ اور نہ ہی تازہ کھجور اور منقہ کو ملا کر نبیذ بناؤ لیکن ہر ایک سے علیحدہ علیحدہ نبیذ بناؤ۔

ایک اور روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا تازہ کھجور اور سرخی مائل کھجور اور عام کھجور اور منقہ۔

3668 : **اطراف: مسلم** كتاب الاشربة باب كراهية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين.. 3660، 3661، 3662، 3663، 3664، 3665، 3666، 3667، 3669، 3670، 3671، 3672، 3673

تخريج : بخارى كتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذى** كتاب الاشربة باب ماجاء فى خليط البسر والتمر 1876، 1877 **نسائى** كتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544، 5545، 5546 خليط البلح والزهو 5549، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص فى انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فى الانتباذ فى الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٗ 5570 الترخص فى النتباذ التمر وحده 5568، 5569 **ابوداؤد** كتاب الأيمان والنذورباب فى الخليطين 3703، 3704، 3705 **ابن ماجه** كتاب الاشربة باب النهى عن الخليطين 3395، 3396، 3397

بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ بِهَذَيْنِ الْإِسْنَادَيْنِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ الرُّطَبَ وَالزَّهْوَ وَالتَّمْرَ وَالزَّبِيبَ [5157,5156]

3669{26} وحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا أَبَانُ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ خَلِيطِ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ وَعَنْ خَلِيطِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ وَعَنْ خَلِيطِ الزَّهْوِ وَالرُّطَبِ وَقَالَ انْتَبِذُوا كُلَّ وَاحِدٍ عَلَى حِدَتِهِ و حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هَذَا الْحَدِيثِ [5159,5158]

3669: حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والدؓ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے عام کھجور اور گدری کھجور کو باہم ملانے اور منقہ اور عام کھجور کو باہم ملانے اور سرخی مائل کھجور اور تازہ کھجور کو باہم ملانے سے منع فرمایا اور آپؐ نے فرمایا ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ نبیذ بناؤ۔

3670{26} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي كَثِيرٍ الْحَنَفِيِّ عَنْ

3670: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے منقہ، عام کھجور اور تازہ کھجور اور گدری کھجور (کو ملا کر نبیذ بنانے سے) منع فرمایا اور

3669: اطراف: **مسلم** کتاب الاشربة باب کراھية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين.. 3660، 3661، 3662، 3663، 3664، 3665، 3666، 3667، 3668،، 3670، 3671، 3672، 3673

تخريج: **بخاری** کتاب الاشربة باب من رأى ان لا يخلط البسر والتمر... 5601 **ترمذی** کتاب الاشربة باب ماجاء فی خليط البسر والتمر 1876، 1877 **نسائی** کتاب الاشربة استحقاق الخمر لشراب البسر والتمر 5544، 5545، 5546 خليط البلح والزهو 5549، 5550 خليط البسر والزبيب 5561 الترخيص في انتباذ البسر ... 5566 الرخصة فی الانتباذ فی الاسقية ... 5567 انتباذ الزبيب وحدهٔ 5570 الترخص فی انتباذ التمر وحده 5568، 5569 **ابوداؤد** کتاب الأيمان والنذور باب فی الخليطين 3703، 3704، 3705 **ابن ماجه** کتاب الاشربة باب النهی عن الخليطين 3395، 3396، 3397

3670: اطراف: **مسلم** کتاب الاشربة باب کراھية انتباذ التمر والذبيب مخلوطتين.. 3660، 3661، 3662، 3663، 3664، 3665، 3666، 3667، 3668، 3669، 3671، 3672، 3673 =

